وَلَقَدۡ بَعَثۡنَا فِي كُلِّ أُمَّةٖ رَّسُولًا أَنِ ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ وَٱجۡتَنِبُواْ ٱلطَّٰغُوتَۖ فَمِنۡهُم مَّنۡ هَدَى ٱللَّهُ وَمِنۡهُم مَّنۡ حَقَّتۡ عَلَيۡهِ ٱلضَّلَٰلَةُۚ فَسِيرُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَٱنظُرُواْ كَيۡفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلۡمُكَذِّبِينَ ٣٦

36- یقیناً ہم نے ہر پچھلی امت میں ایک رسول بھیجا جو اپنی امت کو حکم دیتا کہ وہ اکیلے اللہ کی عبادت کریں اور اس کے علاوہ بتوں اور شیاطین وغیرہ کی عبادت چھوڑ دیں تو ان میں سے بعض کو اللہ نے توفیق دی اور وہ اس پر ایمان لے آئے اور رسول کی لائی ہوئی شریعت کی پیروی کی اور بعض نے اللہ کے ساتھ کفر کیا اور اس کے رسول کی نافرمانی کی تو اس نے بھی انھیں توفیق نہ دی اور ان پر گمراہی ثابت ہوگئی۔ سو تم خود زمین میں چل پھر کر اپنی آنکھوں سے دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں پر جب عذاب اور ہلاکت کا وقت آیا تو ان کا انجام کیا ہوا۔

اردو